# فنانشل تعلیم

## معاشی حالات کو سمجھنے کے لیے رہنمائی




# بینک کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز



بینک میں اکاؤنٹ کھولنے سے آپ اپنے پیسے کی حفاظت کر سکتے ہیں۔



بنک معاشی ثالث ہیں۔



# بچت کیا ہوتی ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز

بچت آج کے دن کی کمائی ہوئی رقم کا کچھ حصہ اپنے پاس سنبھال کر رکھنے کی صلاحیت ہے جوکہ آنے والےمستقبل میں استعمال میں لائی جا سکے۔

کسٹمر اپنی رقم بینک کو دے دیتا ہے،جوکہ کسٹمر کی بچت کو اپنے پاس محفوظ رکھتا ہے۔

کسٹمرجب ضرورت پڑے رقم نکال سکتا ہے۔

کسٹمر کو یقین دلایا جاتا ہے کہ وہ دھوکہ دہی کا شکار نہیں ہے۔اس لیےکیونکہ اس کے بینک کو اٹالین اور یورپی قوانین کی بھی تعمیل کرنی ہے۔



# کرنٹ اکاؤنٹ کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز




کرنٹ اکاؤنٹ ایک ایسا ٹول ہے جو آپ کو آسانی سے اپنے پیسے جمع کرنے اوراسے مینج کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

### ڈیپازٹ کا کیا مطلب ہے؟

آپ پیسے کو کرنٹ اکاؤنٹ میں ڈالتے ہیں، بینک اس کی ضمانت دیتا ہے، اس کی حفاظت کرتا ہے اور کرنٹ اکاؤنٹ سے منسلک خدمات پیش کرتا ہے جیسے

- * تنخواہ/پنشن حاصل کرنے کی سہولت براہ راست کرنٹ اکاؤنٹ میں؛
- کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن پیمنٹ کرنے کا امکان (آن لائن  پیمنٹ پیسوں کا الیکٹرانک تبادلہ ہے)۔

### کرنٹ اکاؤنٹ کے اخراجات کیا ہیں؟

- ہر 3 ماہ میں ایک بار بینک کو ایک مقررہ رقم ادا کی جاتی ہے؛
- ایک رقم جو کہ اپ کے کرنٹ اکاؤنٹ کے ساتھ انجام پائے جانے والے آپریشنز کی تعداد کے حساب سے(متغیر) تبدیل ہو سکتی ہے

# بیسک اکاؤنٹ کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز




بیسک اکاؤنٹ ایک ایسا اکاؤنٹ ہے جوآپ کو صرف کچھ چیزیں کرنے کی اجازت دیتا ہے

- پیسوں کا نکلنا
- بینک اکاؤنٹ میں رقم کی ادائیگی کرنا
- بلز کی ادائیگی کرنا
- بینک اکاؤنٹ میں پینشن یا تنخواہ وصول کرنا
- اے ٹی ایم کی مینجمنٹ

## اگر میں بنیادی اکاؤنٹ کھولنے کا فیصلہ کروں تو کیاہوگا؟

اگر ہوم بینکنگ کی درخواست دی جائے تو ایک اے ٹی ایم کارڈ دیا جائے گا (آن لائن پیج کی فراہمی اپنا کرنٹ اکاؤنٹ چیک کرنے اور آن لائن پیمنٹ کی ادائیگی کے لیے) اور آٹومیٹک ڈیبٹ کے ذریعے بلز کی ادائیگی کا امکان

# کرنٹ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے درکار ضروری دستاویزات

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز




### یورپی یونین سے باہر ملک کے شہری

- پرمسو دی سوجورنو

رہائشی پرمٹ ضروری ہے شناختی تصویر کے ساتھ پرمٹ
-کے جاری کرنے کی درخواست یاں (سلپ) ویلڈ نہیں
جب پرمسودی سجورنو کی معیاد ختم ہو جائے تو ضروری
ہے کہ کستورا میں تجدید کی دی گئی درخواست کو شو
کیا جائےاس کے بعد دی گئی نئی پر مسودی سوجورنو
کو بینک میں لایا جائے تاکہ جس نئی ڈیٹ پر وہ ایکسپائر
ہو رہی ہے اس کو سیو کیا جائے

- اٹالین ٹیکس کوڈ

کسٹمر کو فارمز پر دستخط کرنے ہوں گے تاکہ بینک کو
اس کی طرف سے اجازت مل سکے اس کے پرسنل ڈیٹا
پر کام کرنے اور اسے محفوظ رکھنے کی

# ہوم بینکنگ کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز




ہوم بینکنگ کا مطلب ہے کہ کرنٹ اکاؤنٹ
چیک کرنے اور استعمال کرنے کے لیے
ذاتی آن لائن پیج

### ہوم بینکنگ سروس کے ذریعے بینک کا صارف یہ کر سکتا ہے

- آن لائن رقم بھیجنا یا وصول کرنا؛
- اپنی بچت، اخراجات اور آمدنی کی موجودہ صورتحال کو چیک میں رکھنا

### اگر آپ اپنے بینک سے بجلی، گیس اور پانی کے بلوں کی ادائیگی کے لیے دومیچیلاسیونے بنکاریا سروس استعمال کرنے کو کہیں گے تو کیا ہوگا؟

آپ کا بینک آپ کے بلوں کی ادائیگی کے لیے خود
بخود آپ کے کرنٹ اکاؤنٹ سے رقم لے جاتا ہے

# ہوم بینکنگ :اہم معلومات

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز




کسی کو او ٹی پی یا پن کوڈ نہ دیں، کبھی بھی بینک کارڈ کا ڈیٹا یا تصاویر فراہم نہ کریں: آپ کا بینک ذاتی کوڈ نہیں مانگتا، نہ ٹیلی فون کے ذریعے اور نہ ہی ای میل کے ذریعے۔




کوڈز اور پاس ورڈز کو محفوظ جگہ پر رکھیں۔ اپنے موبائل فون پر یا اپنے بٹوے میں چٹ پر ہوم بینکنگ پاس ورڈ سیو نہ کریں۔اپنا پن کوڈ اسی جگہ پر نہ رکھیں جہاں اپ کا اے ٹی ایم گارڈ ہے



اپنے اے ٹی ایم کارڈ کے گم ہونے یا چوری ہونے کی صورت میں رابطہ کرنے کے لیے، ہمیشہ اپنی فون میں، بینک کا ٹول فری امدادی نمبر محفوظ کریں





ای میل یا ٹیکسٹ میسج کے ذریعے موصول ہونے والے لنکس کو نہ کھولیں جو لگتا ہے کہ بینک سے آتے ہیں: بینک اس قسم کے مواصلات نہیں بھیجتا ہے۔

اگر آپ اکاؤنٹ کی نقل و حرکت ہوم بینکنگ یا آپریٹر کی مدد سے چیک کر رہے ہیں تو ضروری ہے کہ آپ اکاؤنٹ کے بیلنس کی معلومات کو ضرور چیک کریں

- اصل بیلنس تقریبا دو دن کی تاخیر سے خرچ کو دکھاتا ہے
- اکاؤنٹنگ بیلنس اسی وقت اخراجات کی تفصیلات دیتا ہے

# آئی بی اے این کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز





آئی بی اے این  ایک ایسا کوڈ ہے جو ایک مخصوص کرنٹ اکاؤنٹ اور اس بینک کی نشاندہی کرتا ہے جہاں اکاؤنٹ کھولا گیا ہے۔

وہ کمپنی جہاں آپ کام کرتے ہیں وہ آپ سے آئی بی اے این کے لیے کہے گی تا کہ وہ آپ کی تنخواہ آپ کے کرنٹ اکاؤنٹ میں بھیج سکے۔
آئی بی اے این اس لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے تاکہ پیسوں کی پیمنٹ کی جا سکے

# بینک ٹرانسفر کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز



بینک ٹرانسفرمیں ایک کرنٹ اکاؤنٹ سے دوسرے کرنٹ اکاؤنٹ میں رقم کی منتقلی ہوتی ہے۔

اس لیے بینک ٹرانسفر کا مطلب ہے کہ پیسے رقم ادا کرنے والے شخص کے آئی بی اے این کوڈ سے رقم وصول کرنے والے کے آئی بی اے این کوڈ میں منتقل ہو جاتے ہیں

اس طرح بینک ٹرانسفر کے چارجز مختلف ہوتے ہیں ان وجوہات کی بنیاد پر

- پیمنٹ کی ادائیگی کرنے والے شخص اور پیمنٹ وصول کرنے والے شخص کے بینک اکاؤنٹ کی قسم کے ہیں
- فوری طور پر (عام بینک ٹرانسفر کے ذریعے ادائیگی تقریباً دو دن کے بعد پہنچ جاتی ہے۔ تاہم، فوری بینک ٹرانسفر بھی ہے جو رقم کی فوری منتقلی کی اجازت دیتا ہے۔ یہ سروس عام بینک ٹرانسفر سے زیادہ مہنگی ہے)۔

### اگر آپ ان ممالک میں پیسے بھیجنا چاہتے ہیں۔ جو یورو کرنسی استعمال نہیں کرتے؟

آپ کو رقم وصول کرنے والے کے آئی بی اے این کوڈ اور ایس ڈبلیو ائی ایف ٹی کوڈ جانے کی ضرورت ہے ایس ڈبلیو ائی ایف ٹی کوڈ نمبروں اور حرفوں کا مجموعہ ہے جو پیمنٹ بھیجنے والے یاں پیمنٹ وصول کرنے والے کی بینک کی نشاندہی کرتا ہے

### بینک ٹرانسفر کیسے کیا جاتا ہے؟

آپ بینک جائے بغیر آزادانہ طور پر بینک کی ویب سائٹ یا بینک کی ایپ (ہوم بینکنگ) کے ذریعے یا بینک کے برانچ آفس کا استعمال کرتے ہوئے منتقلی کر سکتے ہیں۔

# ریچارج ایبل کریڈٹ کارڈز کیا ہوتے ہیں؟

اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز

## ڈیبٹ کارڈ




اگر آپ اپنے ڈیبٹ کارڈ سے اپنے اخراجات کی ادائیگی کرتے ہیں، تو ادا کی گئی رقم فوری طور پر آپ کے کرنٹ اکاؤنٹ سے سپر مارکیٹ کے کرنٹ اکاؤنٹ میں منتقل کر دی جائے گی

## کریڈٹ کارڈ




جس مہینے میں خریداری ہوتی ہے اس سے اگلے مہینے میں رقم کی منتقلی ہوتی ہے

## ریچارج ایبل کارڈ




ریچارج ایبل کارڈ کے لیے ائی بی اے این ضروری نہیں اور اسی لیے کرنٹ اکاؤنٹ بھی ضروری نہیں - کارڈ پر دستیاب رقم (رقم کی مقدار) اسی کے برابر ہے جتنی رقم کسٹمر نے کارڈ پرجمع کرائی ہے

# اے ٹی ایم کارڈ کیا ہے؟

## اسٹیٹ کے ذریعے نافذ کردہ سروسز




اے ٹی ایم کارڈ کو ڈیبٹ کارڈ بھی کہا جا سکتا ہے۔
یہ ایک بینک کارڈ ہے جو آپ کے کرنٹ اکاؤنٹ سے منسلک ہوتا ہے ۔
اے ٹی ایم کارڈ آپ کو صرف اس صورت مینپیمنٹ کرنے کی اجازت دیتا ہے جب آپ کے کرنٹ اکاؤنٹ میں سروس یا خریدی گئی چیز کی قیمت موجود ہو۔
پیمنٹ کے وقت، خریداری کی رقم اکاؤنٹ سے کاٹ لی جاتی ہے۔

جب پیمنٹ کے لیے اے ٹی ایم کارڈ استعمال کیا جاتا ہے تو، آپ کو ایک (خفیہ اور ذاتی) پن کوڈ درج کرنا ہوتا ہے



# کیا آپ کو مدد کی ضرورت ہے؟

## ہم سے رابطہ کریں

تھرڈ سیکٹر آفس - ایمل بنکا
ufficio.terzo.settore@emilbanca.it